سبق نمبر 33

[redacted]

گروپ کے راہنما، شاگرد بنانے کے اس سبق کیلئے دُعا کریں اور اس گروپ کو خدا کے حوالے کریں۔

[redacted]

موضوع: خُدا کُمہار ہے۔

پڑھیں: یسعیاہ 29:16؛ یرمیاہ 18:1-10؛ رومیوں 9:20-21۔

1- <u>کُمہار برتنوں کو اپنی مرضی سے بناتا ہے۔</u>

بیان کریں کہ پرانے وقتوں میں کُمہار کس طرح برتن بناتے تھے اور آج کل کس طرح بناتے ہیں۔ مٹی فیصلہ نہیں کرتی کہ کُمہار اس کا کیا بنائے گا۔

2- <u>خُدا ہمارا کُمہار ہے اور ہم اُس کے ہاتھوں میں مٹی ہیں۔</u>

ہمیں ناصح باتیں:

- **a-** خدا کا ایک منصوبہ ہے کہ وہ ہم میں سے ہر ایک کو کیا شکل دیتا ہے۔ یاد رکھیں کہ وہ آپ سے محبت رکھتا ہے (یسعیاہ 43:4) اور آپ کی بابت ایک مقصد رکھتا ہے (یرمیاہ 29:11)۔
- **b-** جب آپ گناہ کرنے کے بعد توبہ کریں گے تو خداوند کو ترس آ جائیگا (وہ پشیمان ہوگا) اور وہ بلاکت کی سزا نہیں دیگا جس کو وہ پہلے ارادہ رکھتا تھا۔
- **c-** چنانچہ، جب آپ گناہ شروع کرتے ہیں تو خداوند کو ترس آ جائیگا (پشیمان ہوگا) اور وہ اس بھلائی پر دوبارہ غور کریگا جو پہلے آپ کے لئے کرنا چاہتا تھا۔

3- <u>ہمیں اس حقیقت کو کس طرح یاد رکھنا چاہئے کہ خُداوند کے "دِل میں ترس آئے گا"۔</u>

پڑھیں، پیدائش 6:5-9۔ بائبل کی آیات میں یوں لکھا ہے کہ جیسے خداوند اپنا ارادہ بدل لیتا ہے اور اس لئے اس کے بارے پہلے سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ خداوند اپنے پہلے کئے ہوئے فیصلے پر غمگین اور پشیمان ہوتا ہے (خروج 32:9-14؛ یرمیاہ 18:7-10)۔

خدا کا پشیمان ہونا اس کے ابدی منصوبے کی تبدیلی کو بیان نہیں کرتا۔ یہ اس منصوبے کے اظہار اور انتظام کی تبدیلی کو بیان نہیں کرتا۔

لوگوں کے بارے پشیمان ہونا پہلے سے ناقابلِ بیان ہے۔

بعض اوقات یہ صرف افسوس ہوتا ہے۔ لوگ اپنے گناہوں کے برے نتائج (تذلیل اور سزا، مال و دولت، خوشی، شہرت اور طاقت کا نقصان وغیرہ) سے خوف زدہ ہوتے ہیں۔ لیکن وہ نہ توبہ کرتے ہیں اور نہ اپنی گمراہ راہ سے پھرتے ہیں۔ بعض اوقات یہ سچا پچھتاوا ہوتا ہے۔ لوگ اپنے کئے ہوئے گناہ سے سچی توبہ کرتے ہیں اور اس سے باز آجاتے ہیں (2- کرنتھیوں 7:8-11)۔

خدا کے بارے پشیمان ہونا پہلے سے ناقابلِ بیان ہے۔

خدا کا پشیمان ہونا بالکل انسانی پشیمانی جیسا نہیں۔ خدا ناقابلِ اعتبار انسانوں اور ناقابلِ اعتبار بتوں کی طرح نہیں بدلتا۔ خدا لاتبدیل ہے۔ خدا ہمیشہ پاک اور استوار رہتا ہے۔ خدا لوگوں کو ان کے گناہ کی سزا دیتا ہے (خروج 20:5) اور خدا ہمیشہ رحم اور فضل کرنے والا رہتا ہے۔ خدا توبہ کرنے والوں کو معاف فرماتا ہے (خروج 20:6)۔ قبل از وقت خدا کے انتخاب اور مقصد میں اس کے متعلق لوگوں کے رویہ اور جواب کو بروقت حساب میں لانا شامل تھا۔ اس لئے خدا کا پشیمان ہونا لوگوں کے مسلسل گناہ اور بدی کے متعلق پاک اور راست ردِعمل ہے۔ یا خدا کا پشیمان ہونا لوگوں کی توبہ اور تابعداری کے متعلق رحم دل اور مہربان ردِعمل ہے۔ خدا کا پشیمان ہونا، انسانی تاریخ میں لوگوں کے رویہ کی تبدیلی کے باعث اس (خدا) کے ابدی مقصد کے عمل درآمد کے بارے فیصلہ کی حامانہ اور بے خدشہ تبدیلی ہے۔

خدا اپنے خوف کو تبدیل کرتا ہے۔

ایک طرف خدا پیار بھری مہربانی میں اپنے فیصلے کو تبدیل کریگا اور اور اگر اس کے لوگ بدی یا اس کی نافرمانی کریں تو ان سے کئے ہوئے وعدے نہیں توڑیگا (یرمیاہ 8:7)۔

خدا اپنا ارادہ تبدیل کرتا ہے۔

دوسری طرف خدا پاک مقصد میں اپنا فیصلہ تبدیل کریگا اور اور اگر اس کے لوگ بدی یا اس کی نافرمانی کریں تو وہ اپنا وعدہ نہیں توڑیگا (یرمیاہ 18:9-10؛ 2-تھسلنیکیوں 2:13؛ اپنے خوف کو اٹھانے میں وہ استوار ہے (متی 10:33)۔

خدا کے ابدی منصوبے کے انکشاف اور عمل میں خدا کی باتوں اور کاموں کی تبدیلی کا مقصد (جو خدا کا پشیمان ہونا کہلاتا ہے) لوگوں کو توبہ کی طرف لانا اور اس کے سبب سے منصوبے کو پوری طرح عمل میں لانا ہے۔

گروپ لیڈر: خدا کی کہنا ہونے کی خصوصیت کے لئے تیس تیس کی چھوٹی جماعتوں میں اس کی پر بحث کریں۔

[redacted]

آپ نے خدا کے ساتھ شخصی وقت کے دوران (خروج 19:25-16:1) سے جو کچھ سیکھا ہے اس کو باری باری بیان کریں (یا اپنے نوٹس میں پڑھیں)۔ بیان کرنے والے شخص کو سنجیدگی سے سنیں اور جو کچھ وہ بولتا ہے اس پر بحث نہ کریں۔

A- (تعریف) اِطلاق کیا ہوتا ہے؟

تعلیم۔ اطلاق کا مطلب ہے خدا جو چاہتا ہے اس کا جواب دینا۔ یہ خدا کے کلام کی فرمانبرداری کرنا ہے۔ یہ ترقی کرنے اور تبدیل ہونے کے لئے خدا کے کلام کو استعمال کرنا ہے۔ یہ دوسرے لوگوں کے ترقی کرنے اور تبدیل ہونے میں ان کی مدد کے لئے خدا کے کلام کو استعمال کرنا بھی ہو سکتا تھا۔

آپ کا بائبل پڑھنا اور تحقیق کرنا زندگی تبدیل کرنے والا تجربہ ہو سکتا ہے جب آپ بھروسا اور فرمانبرداری کرتے ہیں تو آپ کو یقین رکھنے کی ضرورت ہے کہ جو سچائی آپ نے دریافت کی ہے وہ آپ کی زندگی کو بدل دے گی اور آپ کو ضرورت ہے کہ اپنے آپ کو وقف کریں اور اس پر عمل کریں جو خدا نے کرنے کا حکم دیا ہے پھر آپ یقیناً بدل جائیں گے ایمان کے بغیر بائبل پڑھنا یا مطالعہ خدا کو پسند نہیں آ سکتا عمل کے بغیر بائبل پڑھنا یا مطالعہ کرنا مکمل نہیں ہوتا۔ بائبل کی پڑھائی یا مطالعہ ختم کرنے کے بعد آپ کو خود سے مندرجہ ذیل سوال پوچھنا چاہئے "خدا کیا جواب چاہتا ہے؟، خدا کو کیا جواب پسند ہے؟، جو کچھ میں نے پڑھا ہے اس سے خدا کیا چاہتا ہے کہ میں کروں؟"

یہ محض آپا تصور نہیں جیسے سوال ہے کہ "یسوع کیا کریگا؟" مگر بائبل کی حقیقت ہے "دراصل یسوع نے کیا تعلیم دی" کیا حکم دیا" کیا کرنے سے منع کیا اور کیا کرنے کا حکم دیا؟"۔ ان سوالات کے لئے ہمارا جواب ہمارے تصور پر مبنی نہیں ہونا چاہئے کہ یسوع کیا کرتا ہے بلکہ بائبل میں خدا کے انکشاف پر ہونا چاہئے۔

B- (قائلیت) بائبل پر مبنی سچائیوں کا اِطلاق کرنا کیوں اہم ہے؟

بائبل میں فرمانبرداری کا تعلق مسیحی زندگی کے چند اہم ترین پہلوؤں سے ہے۔

دریافت اور تبادلہ خیال کریں۔ مندرجہ ذیل عبارتوں میں مسیحی زندگی کے کس پہلو کا تعلق فرمانبرداری سے ہے؟

1- پڑھیں: متی 7:21-22۔ **نجات کے لئے فرمانبرداری بہت اہم ہے۔**

نوٹس: بائبل میں بادشاہی کے اندر داخل ہونے کا مطلب ہمیشہ نئے سرے سے پیدا ہونا (یوحنا 3:3-8) یا نجات پانا ہوتا ہے (مرقس 10:24-27) اس کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کچھ نیک اعمال کے سبب نئے سرے سے پیدا یا نجات یافتہ ہوتے ہیں (افسیوں 2:8-10)۔ خدا باپ کی مرضی پوری کرنا آپ کو نجات بخشتا ہے۔ یوحنا 6:27-29 کے مطابق خدا باپ کی مرضی پوری کرنا یسوع مسیح (جسکو خدا باپ نے بھیجا ہے) پر ایمان لانا ہے۔

2- پڑھیں: متی 7:24-27۔ **ایک عقل مند شخص بننے کے لئے فرمانبرداری ضروری ہے۔**

نوٹس: فرمانبرداری سے خالی علم بیوقوفی ہے۔ وہ علم جو عمل میں لایا جائے وہ حکمت ہے۔

3- پڑھیں: لوقا 6:46۔ مسیح کو خداوند ماننے کے لئے فرمانبرداری ضروری ہے۔

نوٹس۔ فرمانبرداری یشوع مسیح سے آپ کی اطاعت کی تصدیق کرتی ہے۔ یہ تصدیق کرتی ہے کہ مسیح حقیقت میں آپ کا خداوند اور بادشاہ ہے۔ فرمانبرداری روح سے معمور زندگی کی ظاہری نشانی ہے۔

4- پڑھیں: لوقا 6:47-49۔ **استحکام اور قوت کے لئے فرمانبرداری اہم ہے۔**

نوٹس۔ مسیحی زندگی اور خدمت کی مضبوط بنیاد ڈالنے کے لئے فرمانبرداری بہت اہم ہے۔ صرف جب آپ یشوع مسیح کی باتوں پر عمل کرتے ہیں تب ہی اپنی مسیحی زندگی کی مضبوط نشوونما کر سکتے ہیں۔ زندگی میں مشکلات کو برداشت کر سکتے اور گناہ پر غالب آ سکتے ہیں۔

5- پڑھیں: یعقوب 2:17-22 **ایمان کے لئے فرمانبرداری اہم ہے۔**

نوٹس۔ فرمانبرداری ظاہر کرتی ہے کہ آپ کا ایمان سچا ہے فرمانبرداری آپ کے ایمان کو آپ کی زندگی میں زندہ اور مؤثر بناتی ہے فرمانبرداری کے بغیر آپ کا ایمان صرف عقلی یا مردہ ہے۔

6- پڑھیں: یوحنا 14:21-23۔ **محبت کے لئے فرمانبرداری اہم ہے۔**

نوٹس۔ آپ یشوع مسیح کے حکموں پر عمل کرنے سے دکھاتے ہیں کہ آپ اس سے سچی محبت رکھتے ہیں فرمانبرداری خدا کی محبت اور حضوری کا شخصی تجربہ کرنے کا راستہ ہے۔

7- پڑھیں: عبرانیوں 10:35-36۔ **خدا کے وعدے اور بخشش حاصل کرنے کے لئے فرمانبرداری بہت اہم ہے۔**

نوٹس۔ خدا کا وعدہ آپ صرف اس وقت حاصل کریں گے جب اس کی مرضی کو پوری کریں گے۔

8- پڑھیں: 1-یوحنا 3:22۔ **دعا کے لئے فرمانبرداری اہم ہے۔**

نوٹس۔ جب آپ خدا کے حکموں کو مانتے اور وہی کچھ کرتے ہیں جو اس کو پسند ہے تب آپ اپنی دعا کا جواب حاصل کرتے ہیں۔

9- پڑھیں: متی 28:18-20۔ **شاگرد بننے کے لئے فرمانبرداری اہم ہے۔**

نوٹس۔ جب آپ یشوع مسیح کے حکموں پر عمل کرتے ہیں تب آپ اس کے سچے شاگرد ہوتے ہیں۔

خلاصہ: خدا نے آپ کو بائبل صرف اس لئے نہیں دی ہے کہ آپ سچائی کو جانیں بلکہ اس لئے بھی کہ آپ کی زندگی تبدیل ہو۔ بائبل کی سچائیوں کا اطلاق کرنا زیادہ سے زیادہ مسیح کے مشکل بنتا ہے۔

C- (طریقہ کار)۔ بائبل پر مبنی سچائیوں کے مکمل اطلاق پر غور کرنا۔

1- <u>بائبل کی درست ترجمانی۔</u>

تعلیم۔ بائبل کی سچائیوں کا اطلاق کرنے سے پہلے آپ کو چاہئے کہ بائبل کی عبارت کی درست ترجمانی کریں۔ دیکھیں سبق 29۔ اطلاق کرنے کے لئے بائبل کی ترجمانی کی ترجیحات کے چار اہم اصول مندرجہ ذیل ہیں:

بائبل بے خطا ہے۔

بائبل میں بیان کردہ انکشاف ہمیشہ سچ ہے (متی 24:35)۔ بے شک بائبل کی سچائیاں لاخطا ہیں۔ ہماری سمجھ اور ان سچائیوں کا اطلاق دونوں محدود ہیں اور بعض اوقات ناقص ہوتی ہیں کیونکہ ہم گنہگار ہیں اور کامل نہیں۔

بائبل ہر ف ایک معنی رکھتی ہے۔

خدا سچا ہے (ططس 1:29) اور اپنا مقصد واضح طور پر ظاہر کرنا چاہتا ہے۔ بائبل سچائی ہے (یوحنا 17:17)۔ اس لئے بائبل کی عبارت میں وہ معنی نہیں ہوتے۔ بائبل کے الفاظ صرف وہی معنی رکھتے ہیں جو خدا چاہتا تھا۔ جب آپ بائبل پڑھتے اور مطالعہ کرتے ہیں تو آپ کو خدا کا ارادہ سمجھنا چاہئے۔

بائبل اپنے ساتھ تضاد نہیں رکھتی۔

بائبل ایک اتحاد اور ایک مکاشفہ ہے۔ پرانا عہدنامہ اور نیا عہدنامہ ایک دوسرے کے ضمیمے ہیں۔ پرانا عہدنامہ نئے عہدنامہ کی تیاری کرتا ہے اور نیا عہدنامہ پرانے عہدنامہ کی تکمیل کرتا ہے۔ بائبل کے اندر خداوند کے مکاشفہ میں پیش قدمی ہے۔ چنانچہ، پرانے عہدنامہ کی وضاحت نئے عہدنامہ کی روشنی میں کریں اور بائبل کی ہر آیت کی وضاحت پوری بائبل کے سیاق وسباق میں کریں۔

بائبل خود اپنی ترجمانی ہے۔

تشبیہی کلام، تمثیلیں، شاعری اور نبوت خواہ ہے کہ ہر کسی کی تشریح انکے اپنے اصولوں کے مطابق کی جائے۔ اکثر دوہرائی ہوئی تعلیمات کو ترجیح دینی چاہئے۔ کم بیان تعلیمات غیر واضح تعلیمات کی تشریح میں مدد دیتی ہیں۔ نئے عہدنامہ کی تعلیمات پرانے عہدنامہ کی نبوتوں پر سے پردہ ہٹاتی ہیں۔

2- <u>مختلف ممکن اطلاقات پر غور کریں۔</u>

تعلیم۔ ایک شخصی اطلاق بنانے کے لئے ہمیشہ مختلف اطلاقات پر غور کریں۔

ایک چھوٹی جماعت میں ایک دوسرے کے ساتھ تبادلہ خیال کریں اور عبارت میں سچائیوں کے ممکن اطلاقات کی فہرست تیار کریں۔

a- ایک سچائی میں کئی اطلاقات ہو سکتے ہیں۔

یاد رکھیں کہ ایک اطلاق خدا کی خواہشات کا ایک جواب ہوتا ہے۔ بے شک، بائبل کی ایک عبارت میں ایک سچائی صرف ایک حقیقت ہوتی ہے اس کی سچائی کا اطلاق مختلف لوگوں اور مختلف حالات کے لئے فرق فرق ہو سکتا ہے۔ ایک سچائی میں کئی اطلاقات ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ، ان ممکن اطلاقات میں سے کوئی بھی بائبل کی سچائی سے متضاد نہیں ہو سکتی۔

پڑھیں: خروج 20:15۔

تبادلہ خیال کریں۔ اس ایک حکم (ایک سچائی) کے مختلف اطلاقات پر تبادلہ خیال کریں۔

نوٹس۔ اس سچائی کے ممکن اطلاقات مندرجہ ذیل ہیں:

- ایک شاپنگ مال میں آپ دوسرے فروخت اشیا کی چوری نہیں کریں گے۔
- آپ اپنے کام کی جگہ یا آفس کے پیسہ میں غبن نہیں کریں گے۔
- کمپنی پر پنسل وغیرہ نہیں چرائیں گے۔
- ذرائع ابلاغ میں آپ غیر قانونی حقوق محفوظ والی موسیقی یا چھپا ہوا مواد نہیں چرائیں گے۔

اسی طرح ہر سچائی کے لئے مختلف ممکن اطلاقات پر غور کریں جن کا آپ مطالعہ کر رہے ہیں اور ان کو قلم بند کر لیں۔

b- سوالات جو ممکن اطلاقات کے بارے سوچنے میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔

"خدا مجھے کیا بتانا چاہتا ہے؟" اطلاقات "علوم" کے علاقہ میں۔

آپ مندرجہ ذیل پر غور کر سکتے ہیں: "کیا کوئی "علوم" کرنے والی حقیقت ہے؟" "کیا کوئی نتیجہ سمجھنا ہے؟" "کیا کوئی تعلیم سیکھنی ہے؟" "کیا کوئی فہم حاصل کرنا ہے؟" "کیا کوئی سچائی ذہن نشین کرنی ہے؟" "خدا کیا چاہتا ہے کہ میں ایمان رکھوں؟"۔

"خدا کیا چاہتا ہے کہ میں ایمان رکھوں؟" اطلاقات ایمان کے علاقہ میں۔

آپ مندرجہ ذیل پر غور کر سکتے ہیں: "کیا کسی سچائی پر ایمان لانا ہے؟" "کیا کوئی ثالثیت قائم کرنی ہے؟" "کیا کسی وعدے کا وعوی کرنا ہے؟" "کیا کوئی ایسا علاقہ ہے جس میں خدا چاہتا ہے کہ میں اس (خدا) پر ایمان لاؤں؟" "خدا کیا چاہتا ہے کہ میں بنوں؟"۔

"خدا کیا چاہتا ہے کہ میں بنوں؟" اطلاق کردار کے علاقہ میں ہے:

آپ مندرجہ ذیل پر غور کر سکتے ہیں: "کیا کوئی خوبی قائم کرنی ہے؟" "کیا کوئی رویہ تبدیل کرنا ہے؟" "کیا کوئی احساس ظاہر کرنا یا دبانا ہے؟" "کیا کوئی حوصلہ افزائی کرنی ہے؟" "کیا کوئی خصوصیت عمل میں لانی ہے؟"۔ "خدا کیا چاہتا ہے کہ میں کروں؟"۔

"خدا کیا چاہتا ہے کہ میں کروں؟" اطلاق رویہ کے علاقہ میں۔

آپ مندرجہ ذیل پر غور کر سکتے ہیں: "کیا کسی حکم کو ماننا ہے؟" "کیا کسی تعلیم پر عمل کرنا ہے؟" "کیا کسی امتحان پر توجہ دینی ہے؟" "کیا کوئی فیصلہ یا انتخاب کرنا ہے؟" "کیا کوئی بدکاری چھوڑنی ہے؟" "کیا کوئی اچھی عادت شروع کرنی ہے؟" "کیا کوئی تعلق بحال کرنا ہے؟" "کیا کسی گناہ سے بچنا ہے؟" "کیا کسی نمونہ کی پیروی کرنی ہے؟" "کیا کوئی خدمت بجا لانی ہے؟" "کیا خدا کی حمد اور شکر گذاری کی کوئی وجہ ہے؟"۔

c- مختلف اقسام کے اطلاقات۔

کچھ اطلاقات کسی عمل کو روک دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر آپ ناری کتابیں پڑھنا بند کر دیتے ہیں۔

کچھ اطلاقات کسی عمل کو شروع کر دیتے ہیں مثال کے طور پر آپ اچھے دوستوں سے ملنا شروع کر دیتے ہیں۔

کچھ اطلاقات کسی عمل کو بڑھاوا دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ زیادہ وقت اپنے شریک حیات اور بچوں کے ساتھ گذارتے ہیں یا میش و عشرت کی چیزیں خریدنے پر کم پیسہ خرچ کرتے ہیں۔

بعض اطلاقات جلدی سے پورے ہو جاتے ہیں۔ بعض اطلاقات تبدیلی کے طویل عمل کا حصہ ہوتی ہیں مثال کے طور پر آپ کوئی خاص عادت یا اپنی زندگی میں کردار کی کوئی خصلت بنانا چاہتے ہیں۔ ایک خاص عادت یا کردار کی خصلت کی تبدیلی وقت لیتی ہے۔ اس میں مہینے یا سال لگ سکتے ہیں اور تبدیلی کے عمل کا ذکر مندرجہ ذیل الفاظ میں ٹھیک ٹھیک کیا گیا ہے:

جب آپ ایک خیال بوئیں گے تو عمل کاٹیں گے۔
جب آپ عمل بوئیں گے تو عادت کاٹیں گے۔
جب آپ عادت بوئیں گے تو کردار کاٹیں گے۔
جب آپ کردار بوئیں گے تو قسمت کاٹیں گے۔

D- (طریقہ کار)۔ بائبل کی سچائیوں کو "شخصی اطلاقات بنانا"۔

تعلیم۔ بائبل کی جس مہارت کو آپ پڑھ رہے ہیں جب اس کے ممکن اطلاق کی فہرست بنا لیں تو ایک ممکن اطلاق کو چن لیں اور اس کو اپنا شخصی عمل بنا لیں جس پر آنے والے ہفتہ کے دوران عمل کرنا چاہتے ہیں۔

1- ایک شخصی اطلاق چن لیں۔

آپ سوال پوچھنے سے شخصی اطلاق بنائیں کہ: "خدا مجھ سے کیا جواب چاہتا ہے؟"۔
اپنی ممکنہ فہرست میں سے ایک ممکن اطلاق چن لیں۔

2- مندرجہ ذیل پانچ اقدام میں اپنا شخصی اطلاق لکھیں۔

قدم 1۔ بائبل کا حوالہ: "بائبل پڑھنی کونسا دریچہ میرے اطلاق کے لئے ہے؟"۔
بائبل کا حوالہ قلم بند کریں مثال کے طور پر خروج 20:15۔
قدم 2۔ بائبل کی سچائی: "بائبل کی یہ مہارت کیا کہتی ہے؟"۔
مہارت کی تشریح کرنے کی کوشش کریں اور اس کو قلم بند کر لیں۔ مثال کے طور پر، خدا چوری سے نفرت کرتا ہے۔
قدم 3۔ میری ضرورت: "خدا مجھ سے کیا فرماتا ہے؟"۔ اس سچائی کی روشنی میں میری موجودہ ضرورت کیا ہے؟"۔ "میں اس سچائی سے کس طرح فرق زندگی گذار رہا ہوں؟"۔ "یہ سچائی مجھے کس طرح تبدیلی کی تحریک دیتی ہے؟"۔ "یہ سچائی مجھے مطلوبہ علاقہ میں مزید ترقی کی تحریک کس طرح دیتی ہے؟"۔
قلم بند کریں کہ "خدا آپ کی تبدیلی کس طرح چاہتا ہے"۔ مثال کے طور پر خدا نے مجھ پر ظاہر کیا کہ میں اپنے مالک کا وقت ضائع کر رہا تھا۔

قدم4۔ میرا عمل: "خدا کیا چاہتا ہے کہ مجھے علوم ہو کہ میں کیا ایمان رکھوں، کیا نوں یا خاص طور پر کیا کروں؟"۔
عمل کا ایک خصوصی منصوبہ تحریر کریں جو خدا چاہتا ہے کہ آپ کریں۔ اپنے عمل کو ہمیشہ سادہ رکھیں جو سمجھنے کے قابل ہو۔ حقیقت پر مبنی ہو اور قابل اعتماد ہو۔ اگر آپ کا عمل، رویہ عادت یا کردار کی تربیت کے علاقہ میں ہے تو پھر منصوبہ بندی کریں کہ ہوش طریقے سے اور سوچ سمجھ کر بتدریج عرصہ اس پہلو پر کام کرنا چاہتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہمیں نے خدا سے عہد کیا ہے کہ اپنا کام عین وقت پر شروع کرونگا اور اپنے کام کے مقررہ گھنٹے پورے کرنے سے پہلے کام نہیں چھوڑونگا۔

قدم5۔ میری دُعا: "خدا کے جواب میں میری دُعا کیا ہے؟
جو کچھ آپ نے خدا سے کہا اور جو کچھ پوچھا ہے اس کو مختصر تحریر کرلیں۔ مثال کے طور پر "اے پیارے آسمانی باپ! مجھے معاف فرمادے کہ میں اپنے مالک کا وقت ضائع کرتا رہا ہوں۔ جتنے گھنٹے مجھے کام کرنا چاہئے ان کو پورا کام کرنے میں میری مدد کر"۔

3- اپنے پچھلے شخصی اطلاقات کو چیک کریں۔

اگر ممکن ہو تو یقین کرنے کا ایک راستہ نکالیں کہ آپ نے اپنے شخصی اطلاقات کو پورا کیا ہے۔ مثال کے طور پر:

- آپ اپنے اطلاق کے بارے اپنے دوست یا روحانی استاد کو بتا سکتے ہیں جو چیک کر کے آپ کی حوصلہ افزائی کر سکتے جب تک کہ آپ اس کو مکمل نہ کرلیں۔
- آپ اپنے اطلاقات کو اپنی دُعائیہ فہرست میں لکھ کر ان پر مستقل دعا کر سکتے ہیں۔
- آپ اپنے اطلاق کی ایک یادداشت کو آئینہ پر چپکا کر رکھ سکتے ہیں۔
- چند لمحوں کے لئے امتحان کریں۔ آپ کے اپنا امتحان کرنے کے سوالوں میں سے ایک ہے کہ آپ کے شخصی اطلاق نے آپ کی مدد کس طرح کی۔

E- (مشق)۔ بائبل کی سچائیوں کو قلم بند کریں۔

تعارف۔ یہ مشق اکیلے یا چھوٹی جماعت میں کریں۔ یہ مشق ممکن اطلاقات کی مختصر فہرست جمع کرتی ہے اور یہ مشق شخصی اطلاقات کو پانچ الگ الگ طریقہ میں تحریر کرنے کی ہے۔

1- ممکن اطلاقات کی مختصر فہرست جمع کرنے کی مشق۔

پڑھیں۔ امثال 3:1-10۔
گفتگو کریں۔ مندرجہ ذیل مثالیں صرف ممکن اطلاق کی ہیں۔ ان آیات کے ممکن اطلاقات اور بھی ہو سکتے ہیں۔

امثال 3:1-2۔
ایک ممکن اطلاق تعلیم اور فہم کو یاد رکھنا ہے۔
دوسرا ممکن اطلاق، جب کوئی دوسرا منادی کرے یا تعلیم دے تو اس کے نوٹس بنانا ہے۔

امثال3:3-4۔

ایک ممکن اطلاق کسی کے لئے محبت سے کچھ کرنے کے ذریعے اس محبت کا اظہار کرنا ہے۔ مثال کے طور پر، میں اپنے بچے کے ساتھ پارک جانے کا وقت نکال کر اس سے محبت کا اظہار کرتا ہوں۔

امثال3:5-6۔

ایک ممکن اطلاق ہے ضدی اور خود مختار ہونے کے باوجود عقل مند اور ماہر کی مشورت سننا۔

ایک اور ممکن اطلاق ہے ہمیشہ کوئی عمل یا فیصلہ کرنے سے پہلے دعا کرنا۔

امثال3:7-8۔

ایک ممکن اطلاق ہے غلط جگہ پر جانے سے بچنا۔

ایک اور ممکن اطلاق ہے کسی بدکار شخص سے کنارہ کشی کرنا جو مجھ پر برا اثر ڈالنے کی کوشش کرتا ہے۔ ایک اور ممکن اطلاق ہے کسی نقصان دہ عادت کو چھوڑ دینا۔

امثال3:9-10۔

ایک ممکن عمل ہے ہر مہینے کسی مستحق کو ایک معقول رقم دینا۔

ایک اور ممکن عمل ہے اپنا گھر مسیحیوں کے اجتماع کے لئے فراہم کرنا۔

2- <u>پانچ اقدامی طریقہ میں شخصی عمل کو لکھنے کی مشق کریں۔</u>

تقسیم۔ جماعت کو دو دو افراد کی چھوٹی جماعتوں میں تقسیم کریں۔

چناؤ۔ ہر جوڑا مندرجہ بالا ممکن اطلاقات کی فہرست سے ایک اطلاق چن لے۔

تحریر کریں۔ پانچ اقدام کو استعمال کرتے ہوئے ہر جوڑا ایک شخصی اطلاق لکھے۔

بیان کرنا۔ ہر جوڑا جماعت کے سامنے اپنے شخصی اطلاق کو پڑھے۔ (مندرجہ ذیل مثالیں دیکھیں)۔

قدم1۔ بائبل کا حوالہ "میرے عمل کے لئے بائبل کا ذریعہ کونسا ہے؟"۔

امثال3:5-6 "سارے دل سے خداوند پر توکل کر اور اپنے فہم پر تکیہ نہ کر۔ اپنی سب راہوں میں اس کو پہچان اور وہ تیری راہنمائی کریگا"۔

قدم2۔ بائبل کی سچائی "بائبل کی ہر عبارت کیا کہتی ہے؟"۔

صرف سوچنے اور عمل کرنے کے علاوہ مسیحیوں کو عمل کرنے سے پہلے سوچنا اور دعا کرنا چاہئے۔

قدم3۔ میری ضرورت "خدا مجھ سے کیا کہتا ہے؟"۔ "اس سچائی کی روشنی میں میری موجودہ ضرورت کیا ہے؟"۔

میں جلد باز ہوں۔ میں اکثر عمل کرنے سے پہلے دعا نہیں کرتا اور نہ خدا سے حکمت، قوت اور محبت مانگتا ہوں۔ میں خدا پر زیادہ توکل کرنے والا بننا پسند کرونگا۔

قدم4۔ میرا عمل۔ ''خدا کیا چاہتا ہے کہ میں جاؤں، ایمان رکھوں، بنوں یا کروں؟''۔

میرا عملی منصوبہ ہر اہم کام یا ذمہ داری کو عملی جامہ پہنانے سے پہلے دُعا کرنا ہے۔ مجھے اس پر دو ہفتے عمل کرنا چاہیئے۔

قدم5۔ میری دُعا ''خدا کے جواب میں میری دُعا کیا ہے؟''۔

''اے پیارے آسمانی باپ! میری مدد کر کہ میں اپنی خودمختاری چھوڑنے اور لوگوں سے بات کرنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے یا کہیں جانے سے پہلے دُعا کروں، میری مدد کر کہ اپنی سب راہوں میں تیرا اقرار کروں۔ یسوع کے نام میں۔ آمین''۔

[redacted]

آج آپ نے جو کچھ سیکھا ہے اس کے جواب میں خدا سے باری باری دُعا کریں۔ یا گروپ کو دو دو یا تین تین میں تقسیم کریں اور جو کچھ آپ نے آج سیکھا ہے اس کے جواب میں خدا سے دُعا کریں۔

[redacted]

گروپ لیڈر: ارکان کو گھر پر تیاری کے لئے تحریری طور پر دیں یا ان کو اس کی نقل کرنے دیں۔

1- <u>عہد:</u> <u>شاگرد بنانے کا عہد کریں۔</u>
''عملی اطلاقات'' کی منادی یا تعلیم دیں اور کسی دوسرے شخص یا جماعت کے ساتھ اس کا مطالعہ کریں۔

2- <u>خدا کے ساتھ شخصی وقت۔</u> ہر روز کتاب 45-14-1-11:1 سے خدا کے ساتھ شخصی وقت گذاریں۔ پسندیدہ ہچانی کا طریقہ استعمال کریں۔ نوٹس بنائیں۔

3- <u>بائبل سٹڈی:</u> گھر پر اگلی بائبل سٹڈی کی تیاری کریں۔ 1-پطرس 5:17۔ موضوع ''مسیحی خاندان کا کردار کیا ہے؟'' بائبل سٹڈی کا پانچ اقدامی طریقہ استعمال کریں اور نوٹس بنائیں۔

4- <u>دُعا:</u> اس ہفتہ کسی خاص شخص یا خاص چیز کے لئے دُعا کریں اور دیکھیں کہ خدا کیا کر رہا ہے (زبور 5:3)۔

5- اپنی نوٹ بک میں شاگرد بنانے کے متعلق نوٹس میں اضافہ کریں۔ پرسنل کے نوٹس، تعلیمی نوٹس اور اس تیاری کے نوٹس شامل کریں۔